# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025
# END-OF-YEAR ASSESSMENT

**SUBJECT: ISLAMIAT**

**FINAL TERM**

**GRADE-6**

**[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ______________________

**Student Name :** ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: "اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ" آیت ہے:

(a) سورۃ العصر کی (b) سورۃ الھمزۃ کی (c) سورۃ القارعۃ کی (d) سورۃ الزلزال کی

سوال نمبر 2: حدیث مبارک کے مطابق ہمیں مومن بننے کے لیے سب سے زیادہ محبت کرنا ہو گی:

(a) اپنے آپ سے (b) اپنے نبی خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے

(c) اپنی اولاد سے (d) اپنے والدین سے

سوال نمبر 3: اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں کسی کو شریک کرنا کہلاتا ہے:

(a) شرک (b) کفر (c) نفاق (d) فسق

سوال نمبر 4: حدیث مبارک "لَا نَبِیَّ بَعۡدِیۡ" سے عقیدہ واضح ہوتا ہے:

(a) عقیدہ توحید (b) عقیدہ ختم نبوت (c) عقیدہ آخرت (d) عقیدہ تقدیر

سوال نمبر 5: اسلام میں عبادت کا بنیادی مقصد ہے:

(a) ہمدردی حاصل کرنا (b) اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا

(c) دولت حاصل کرنا (d) شہرت حاصل کرنا

سوال نمبر 6: پانی کی عدم موجودگی میں پاکی حاصل کی جائے گی:

(a) پاک مٹی سے (b) پاک کپڑے سے (c) پاک چمڑے سے (d) پاک لکڑی سے

سوال نمبر 7: معراج کے موقع پر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تحفہ دیا گیا:

(a) نماز کا (b) روزہ کا (c) زکوٰۃ کا (d) حج کا

سوال نمبر 8: آپس میں پیار و محبت کو فروغ دینے کے لیے ہمارے لیے عملی نمونہ ہے:

(a) مواخات مدینہ میں (b) سفر معراج میں (c) سفر طائف میں (d) سفر ہجرت میں

سوال نمبر 9: میثاق مدینہ کے مطابق دشمن کے حملے کی صورت میں مل کر مقابلہ کریں گے:

(a) مسلمان اور یہود (b) مسلمان اور مجوسی

(c) مسلمان اور مشرکین (d) مسلمان اور منافقین

سوال نمبر 10: غزوہ بدر پیش آیا:

(a) رمضان میں (b) شوال میں (c) ذیقعد میں (d) ذی الحج میں

سوال نمبر 11: غزوہ احد میں تیر اندازوں کا اپنی جگہ چھوڑ جانے سے ہمیں سبق ملتا ہے:

(a) خوش رہنے کا (b) فیصلہ بدلنے کا

(c) مرضی سے کام کرنے کا (d) اطاعت امیر کا

سوال نمبر 12: اطاعت کے معنی ہیں:

(a) بات سننا (b) متفق ہونا (c) بات ماننا (d) بات کرنا

سوال نمبر 13: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سفر سے واپسی پر سب سے پہلے ملتے تھے:

(a) بزرگوں سے (b) تاجروں سے (c) بچوں سے (d) پڑوسیوں سے

سوال نمبر 14: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں وعدہ خلافی کرنا نشانی ہے:

(a) کافر کی (b) مشرک کی (c) منافق کی (d) فاسق کی

سوال نمبر 15: دوست اپنی پریشانی کا ذکر کرے تو ہمیں چاہیے:

(a) اچھا مشورہ دیں (b) خاموش ہو جائیں

(c) دوری اختیار کریں (d) دوسروں کو بتائیں

سوال نمبر 16: تحمل کا معنیٰ ہے:

(a) مشورہ کرنا (b) برداشت کرنا (c) برخاست کرنا (d) درخواست کرنا

سوال نمبر 17: راستے کے آداب میں سے ہے، چلتے ہوئے دیکھیں:

(a) نیچے (b) اوپر (c) دائیں (d) بائیں

سوال نمبر 18: غصب کے مفہوم کو ظاہر کرتا ہے:

(a) کوئی گری پڑی چیز اٹھالینا (b) پوچھے بغیر کسی کی چیز لینا

(c) کسی کا حق دبالینا (d) کسی چیز کے لیے اصرار کرنا

سوال نمبر 19: حدیث مبارک کے مطابق صدقہ دینے کا دوگنا ثواب ملتا ہے:

(a) ہمسائے کو (b) رشتہ دار کو (c) معذور کو (d) غریب کو

سوال نمبر 20: حق دار کو اس کا حق دینا ہے:

(a) احسان (b) عدل (c) ایثار (d) اخوت

سوال نمبر 21: رفاہ عامہ کی صورت بنتی ہے:

(a) ہاتھ ملانا (b) کھانا کھلانا (c) دولت بڑھانا (d) تحفہ دینا

سوال نمبر 22: حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بعد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے نکاح کیا:

(a) حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے (b) حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

(c) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے (d) حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

سوال نمبر23: نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے وہ صاحبزادے جو حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے پیدا نہیں ہوئے:

(a) حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ (b) حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(c) حضرت طیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ (d) حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال نمبر24: رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے حکم کی روشنی میں تسبیحات فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پڑھنی چاہیے:

(a) نماز سے پہلے (b) وضو سے پہلے (c) وضو کے بعد (d) نماز کے بعد

سوال نمبر25: حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی رشتے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ہیں:

(a) بھانجی (b) بہن (c) والدہ (d) خالہ

سوال نمبر26: اسلام کا پہلا تیر انداز ہونے کا شرف حاصل ہے:

(a) حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (b) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو
(c) حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (d) حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو

سوال نمبر27: حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی نماز جنازہ پڑھائی:

(a) بیٹے نے (b) بھائی نے (c) والد نے (d) چچا نے

سوال نمبر28: صوفیہ کرام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کی زندگی کا اصل مقصد ہے:

(a) عہدوں کا حصول (b) دنیاوی جاہ و جلال
(c) رضائے الٰہی کا حصول (d) شہرت کی بلندیاں

سوال نمبر29: نعمان بن ثابت اصل نام ہے:

(a) حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا (b) حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا
(c) حضرت امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا (d) حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا

سوال نمبر30: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کا سب سے نمایاں پہلو جس سے ہمیں تحریک ملتی ہے:

(a) جہاد کی (b) صدقہ کی (c) تبلیغ کی (d) سخاوت کی

سوال نمبر31: ماحول کو آلودگی سے بچانے کے لیے ہمیں چاہیے:

(a) سڑکیں بنانا (b) درخت لگانا (c) کارخانے لگانا (d) گاڑیاں بڑھانا

سوال نمبر32: رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا پرندے کے بچوں کو واپس گھونسلے میں رکھوانا ظاہر کرتا ہے:

(a) رحم دلی کو (b) رواداری کو (c) میانہ روی کو (d) سخاوت کو

---

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33

i) رسول کسے کہتے ہیں؟(2)

ii) عقیدہ رسالت کی اہمیت بیان کریں۔(4)

iii) رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اسوہ حسنہ کے مطابق ہم اپنی زندگی کیسے ڈھال سکتے ہیں؟(4)

سوال نمبر34

i) جہاد کا معنیٰ و مفہوم بیان کریں۔(3)

ii) غزوہ بدر کے کوئی سے چار نتائج بیان کریں۔(4)

iii) رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلٰی آلہ واصحابہ وسلم نے غزوہ بدر کے قیدیوں سے حسن سلوک کیا، آپ اپنے ماحول میں اس سنت پر کیسے عمل کر سکتے ہیں؟(5)

سوال نمبر35

i) مشاورت کسے کہتے ہیں؟(2)

ii) اسلام میں مشاورت کی فضیلت کو بیان کریں۔(4)

iii) مشاورت کرنے سے ہمیں کون سے معاشرتی فوائد حاصل ہوتے ہیں؟(4)

سوال نمبر36

i) حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟(2)

ii) حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے علمی مرتبہ کی وضاحت کریں؟(4)

iii) حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مبارک اسوہ سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟(4)

سوال نمبر37

i) ماحول کسے کہتے ہیں؟(2)

ii) اسلام میں شجر کاری کی اہمیت و فضیلت بیان کریں۔(3)

iii) روزمرہ زندگی میں ماحول کو آلودگی سے بچانے کے لیے کوئی سی چار تدابیر لکھیں۔(5)